## بنوں میں بم دھماکے کھلی دہشت گردی ہے،الطاف حسین

## بے گناہ شہریوں کی جان ومال سے کھیلنے والے دہشت گرد انسانیت کے کھلے دشمن ہیں

## بنوں میں پولیس لائن میں بم دھماکوں اظہار مذمت

لندن۔۔۔11،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے بنوں میں پولیس لائن 2 میں بم دھماکوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور بم دھماکوں میں متعدد پولیس اہلکاروں کے شہید وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے بنوں میں پولیس لائن 2 میں بم دھماکوں کو کھلی دہشت گردی قرار دیتے ہوئے کہا کہ بے گناہ شہریوں کی جان ومال سے کھیلنے والے دہشت گرد انسانیت کے کھلے دشمن ہیں۔جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ بنوں میں بم دھماکوں کا نوٹس لیا جائے اوراس کے ذمہ دار دہشت گردوں کے خلاف سخت ترین قانونی کارروائی کی جائے اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات کئے جائیں۔جناب الطاف حسین نے بم دھماکوں میں جاں بحق ہونے والے پولیس اہلکاروں کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)انہوں نے بم دھماکوں میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

## جنوبی ایشیا کی تیز ترین ایتھلیٹ کا اعزاز حاصل کرنے والی نسیم حمید کیلئے ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی جانب سے ایک لاکھ روپے کے انعام کا اعلان

## نسیم حمید نے جنوبی ایشیا کی تیز ترین ایتھلیٹ کا اعزاز حاصل کرکے ملک وقوم کا سرفخر سے بلند کردیا ہے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔11 فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ساؤتھ ایشین گیمز میں 100 میٹر کی ریس میں جنوبی ایشیا کی تیز ترین ایتھلیٹ کا اعزاز حاصل کرنے والی کراچی کی نسیم حمید کیلئے ایم کیوایم کی جانب سے ایک لاکھ روپے انعام کا اعلان کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ نسیم حمید نے جنوبی ایشیا کی تیز ترین ایتھلیٹ کا اعزاز حاصل کرکے دنیا بھر میں ملک وقوم کا سرفخر سے بلند کردیا ہے اور پوری قوم کو اپنی اس بیٹی پر فخر ہے اور پوری قوم اپنی اس بیٹی کو مبارکباد پیش کرتی ہے۔

## خیبرایجنسی میں شہید ہونے والے پاک فوج کے بریگیڈیئر حسین شہید اور دیگر شہید فوجی افسران کے لواحقین سے ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔11 فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گزشتہ روز خیبرایجنسی میں دہشت گردوں کے حملے میں شہید ہونے والے پاک فوج کے بریگیڈیئر حسین شہید اور ہیلی کاپٹر کے حادثے میں شہید ہونے والے فوجی افسران کے لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید فوجی افسران کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں برابر شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاک فوج کے شہید افسران واہلکاروں کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔جناب الطاف حسین نے زخمی افسران کی بھی جلد صحتیابی کی دعا کی۔

## سیاچن میں برفانی تودے گرنے سے پاک فوج کے جوانوں کی شہادت مسلح افواج کے ملک وقوم کی حفاظت کیلئے مضبوط اور لازوال قربانی کے جذبوں کوظاہر کرتا ہے۔رابطہ کمیٹی

## پاک فوج سرد اور خطرناک ترین موسم میں اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہی ہے اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بھی لازوال جذبے کے ساتھ حصہ لے رہی ہے

## سیاچن پر برفانی تودے گرنے سے پاک فوج کے جوانوں کی شہادت پر سوگواران سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔11،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ سیاچن پر برفانی تودے گرنے سے پاک فوج کے 8 جوانوں کی شہادت مسلح افواج کے ملک وقوم کی حفاظت کیلئے مضبوط اور لازوال قربانی کے جذبوں کوظاہر کرتا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سیاچن کے محاذ پر انتہائی سرد اور خطرناک ترین موسم کی پرواہ کئے بغیر پاک فوج ہمت،شجاعت اور بہادری کے ساتھ نہ صرف اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہی ہے بلکہ دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں لازوال جذبے کے ساتھ حصہ لے رہی ہے جس پر پوری قوم انہیں زبردست سلام تحسین پیش کرتی ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ مسلح افواج کے عزم اور حوصلوں کو دیکھ کر جو خوشی پوری قوم محسوس کرتی ہے اس کا کوئی نعم البدل نہیں ہے۔رابطہ کمیٹی نے سیاچن پر برفانی تودے گرنے سے شہید ہونے والے پاک فوج کے جوانوں کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہیدوں کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیو ایم ملیر سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔11فروری2010

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم ملیر سیکٹر یونٹ 95 کی یونٹ کمیٹی کے رکن سید آفتاب احمد کی والدہ محترمہ سیدہ سعیدہ خاتون کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت اور اقلیتی امور کمیٹی کی سانحہ چہلم پر جناح اسپتال میں جاں بحق ہونے والے مسیح خاندان کی حیدری گوٹھ کورنگی میں منعقدہ میموریل سروس میں شرکت

## بم دھماکے میں زخمی ہونے والے ایم کیو ایم اقلیتی امور کمیٹی کے فعال کارکن راموکی آغا خان اسپتال جا کر عیادت کی

کراچی۔۔۔ 11فروری2010

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت ،ایم کیو ایم اقلیتی امور کمیٹی کے ارکان اسٹیفن آصف،تحسین قریشی اور گردھاری لعل،نے سانحہ چہلم پر جناح اسپتال بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والے مسیحی خاندان کی حیدری گوٹھ کورنگی کریک میں منعقدہ میموریل سروس میں شرکت کی۔ایم کیو ایم کے وفد نے میموریل سروس میں فادر ندیم پیارے لعل،فادر نذر نواب،فادر طارق،فادر رچرڈ،دیگر مذہبی رہنماؤں اور سوگواران سے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے گہرے افسوس کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں پوری ایم کیو ایم آپ کے ساتھ ہے۔بعد ازاں ایم کیو ایم اقلیتی کمیٹی کے ارکان نے آغا خان ہسپتال جا کر سانحہ چہلم میں زخمی ہونے والے ایم کیو ایم اقلیتی امور کے فعال کارکن راموکی عیادت کی اور خیریت دریافت کی۔انہوں نے راموکی اہلیہ اور سوگوار لواحقین کو ایم کیو ایم کی جانب سے ہر ممکن مدد وتعاون کا یقین بھی دلایا۔

## ملتان کے مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ کی اے پی ایم ایس او میں شمولیت

## اے پی ایم ایس او طلبہ کے مسائل کو حل کرنے کیلئے عملی جدوجہد کرتی آرہی ہے، اجلاس سے عمران اعظم گاڈی کا خطاب

ملتان:۔۔۔۔11فروری،2010ء

ملتان کے مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے سے متاثر ہو کر آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ملتان میں اے اپی ایم ایس او کے تحت منعقدہ اجلاس میں کیا جس میں کارکنان اور طلبہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی جبکہ اجلاس سے اے پی ایم ایس او کی مرکزی کمیٹی کے رکن عمران اعظم گاڈی نے خطاب بھی کیا۔ اے پی ایم ایس او میں شمولیت کا اعلان کرنے والے طلبہ نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ملک بھر میں طلبہ کو یکساں تعلیمی مواقع فراہم کرنے کیلئے اے پی ایم ایس او کا کردار نظر انداز نہیں کیا جاسکتا اور اس سلسلے میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی شب وروز اور انتھک محنت قابل تعریف ہے۔ قبل ازیں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی مرکزی کمیٹی کے رکن عمران اعظم گاڈی نے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ ملک بھر کے تعلیمی اداروں سے دہرے طبقاتی تعلیمی نظام کا خاتمہ کرکے مظلوم ومحکوم طلبہ کو انکے جائز حقوق دیئے جائیں اور اے پی ایم ایس او ملک بھر میں طلباء کو یکساں تعلیمی مواقع فراہم کرنے کی اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او اپنی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے طلبہ کے مسائل کو حل کرنے کیلئے عملی جدوجہد کرتی آرہی ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین نے 11 جون 1978ء کو اے پی ایم ایس او کی بنیاد جامعہ کراچی میں رکھی جس کی بنیادی وجہ مظلوم ومحکوم طلبہ کیساتھ ہونیوالی ناانصافیوں کا خاتمہ اور مختلف نام نہاد طلبہ تنظیموں کی قائم اجارہ داری کو ختم کرنا تھا۔ انہوں نے اے پی ایم ایس او میں شمولیت کا اعلان کرنے والے طلبہ کا زبردست خیر مقدم کیا اور ان کی شمولیت کو حق پرستی کی تحریک کیلئے نیک شگون قرار دیا۔

## ممتاز ماہر تعلیم ودانشور پروفیسر علی محمد شاہین کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔11فروری2010

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ممتاز ماہر تعلیم ودانشور پروفیسر علی محمد شاہین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## حق پرست قیادت ملک وقوم کی بے لوث خدمت کررہی ہے، رابطہ کمیٹی

## کراچی میں کوریڈور IV پر چار فلائی اوورز کی تکمیل پر سٹی ناظم، نائب سٹی ناظمہ سمیت سٹی گورنمنٹ کی پوری ٹیم کو رابطہ کمیٹی کی مبارکباد

کراچی۔۔۔11،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے حق پرست ناظم سید مصطفیٰ کمال، نائب سٹی ناظمہ محترمہ نسرین جلیل اور حق پرست قیادت سمیت سٹی گورنمنٹ کے پوری ٹیم کو مزید 56 کروڑ روپے کی لاگت سے کراچی میں کوریڈور IV پر جناح ٹرمینل تا شاہراہ فیصل اور پی آئی ڈی سی فلاحی اوور پر مزید چار فلائی اوورز کے منصوبے مکمل ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے اور اسے حق پرست قیادت کا بڑا کارنامہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ حق پرست قیادت ملک کی ترقی وعوام کی خوشحالی کیلئے کوشاں ہے۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے منتخب نمائندوں کو ہمیشہ عوام کی خدمت اوران کے مشکلات کے حل کا درس دیا اور حق پرست قیادت قائد تحریک الطاف حسین کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر ملک وقوم کی خدمت کررہی ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سٹی گورنمنٹ کی حق پرست قیادت نے چار سال کے مختصر عرصے میں اہم منصوبوں کو پائیہ تکمیل تک پہنچا کر کراچی کے انفراسٹرکچر کو بین الاقوامی معیار کے مطابق بنادیا ہے جس نے شہر کا نقشہ بدل دیا ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ حق پرست قیادت ملک وقوم کی ترقی و خوشحالی کیلئے کام کررہی ہے اور اپنی تمام تر صلاحتیں عوام کی بے لوث خدمت اوران کی مشکلات کے حل پر صرف کررہی ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی کے بے ہنگم ٹریفک کو کنٹرول کرنے کیلئے جدید طرز کے انڈر پاسز اور فلائی اوورز پر مشتمل سگنل فری کوریڈورز کے منصوبوں نے شہر کو نہ صرف خوبصورت بنادیا بلکہ شہریوں کی مشکلات کو بھی آسان کیا اور انہیں کم

وقت میں جدید سفری سہولیات بھی فراہم کی جبکہ صحت وصفائی کے شعبوں میں حق پرست قیادت نے جو کام کیے وہ کسی تعارف کے محتاج نہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کورریڈور IV کے منصوبے کی تکمیل سے ٹول پلازہ سپر ہائی وے تا کراچی پورٹ اور دوسری جانب جناح برج تا اسٹیل ٹاؤن کے راستے سگنل فری ہو جائیں گے جس کا براہ راست اثر ملکی معیشت کی ترقی کی صورت میں سامنے آئیگا اور ملک میں سرمایہ کاری کے نئے دروازے کھل جائیں گے۔

## بلوچستان کے مینگل قبائل کے معززین کا ساتھیوں سمیت ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان

## متحدہ قومی موومنٹ ملک گیر نظریاتی تحریک ہے جو جاگیردارانہ نظام کے جڑ سے خاتمے کیلئے کوشاں ہے، پریس کانفرنس سے خطاب

## الطاف حسین کا فکروفلسفہ اور ایم کیوایم کی پالیسیاں مظلوم عوام کیلئے راہ نجات ہیں، غیر مشروط شمولیت کا اعلان

کوئٹہ۔۔۔11،فروری2010ء

بلوچستان کے مینگل قبائل کے معززین میر عبداللہ مینگل، محمد حسن مینگل، غلام قادر مینگل، غلام اللہ مینگل اور کلیم اللہ مینگل نے قائد تحریک الطاف حسین کے فکروفلسفے اور ایم کیوایم کی پالیسیوں سے متاثر ہوکر اپنے درجنوں ساتھیوں کے ہمراہ متحدہ قومی موومنٹ میں غیر مشروط طور پر شمولیت کا اعلان کیا۔ یہ انہوں نے جمعرات کے روز پریس کانفرنس کے دوران کیا۔اس موقع پر صوبائی آرگنائزر محمد یوسف شاہوانی وارا کین صوبائی کمیٹی ،کوئٹہ آرگنائزر سید سلیم اختر ایڈووکیٹ اور کوئٹہ آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔متحدہ میں شمولیت اختیار کرنے والے مینگل قبائل معززین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک گیر نظریاتی تحریک ہے جس نے ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف نہ صرف آواز بلند کی بلکہ اس کا عملی مظاہرہ کر کے دکھایا اور مظلوم ومحکوم بلوچ، پشتون، پنجابی، سرائیکی، سندھی، ہندکو، ہزارہ، گلگتی اور کشمیری اقوام کو یکجا کر کے ایک قوم بنانے کی کوشش کی اور متوسط طبقے کے تعلیم یافتہ نوجوانوں کو ایوانوں میں بھیج کر مظلوموں کو اپنے پاؤں پر کھڑا کیا۔قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیوایم نے ہمیشہ ملک میں درپیش مسائل پر مظلوم ومحکوم اور مڈل کلاس عوام کی خدمت کی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے بلاامتیاز رنگ ونسل ومذہب ملک بھر کی طرح بلوچستان میں بھی پشتون وبلوچ اقوام کی خدمت کر کے ثابت کر دیا ہے کہ ایم کیوایم صرف اور صرف انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتی ہے جس کا ہمیشہ اس نے عملی مظاہرہ کیا ہے اس طرح بلوچستان میں درپیش مسائل اور بلوچ قوم کے حقوق کیلئے سب سے پہلے قائد تحریک الطاف حسین اور ایم یوایم نے دلیرانہ دوٹوک موقف اختیار کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم میں کوئی جاگیردار نہیں ہے اس لئے جاگیردارانہ نظام کے محافظین ایم کیوایم کے خلاف سازشیں کر رہے ہیں اور ناکردہ گناہ پر ایم کیوایم کے خلاف پروپیگنڈے اور سازشی مظاہروں سے ایم کیوایم کو مزید مقبولیت ملی ہے اور قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیوایم کے حق پرستانہ جدوجہد سچائی پر مبنی ہے۔ہم عہد کرتے ہیں کہ آج سے ہماری تمام جدوجہد مظلوم ومحکوم عوام کیلئے قائد تحریک الطاف حسین کے شانہ بشانہ ہوگی اور حق پرستانہ سفر میں ایم کیوایم کے ساتھ شانہ بشانہ چلیں گے۔

☆☆☆☆☆